Date ..........

1

سوال:

مغربی تہذیب کے بارے میں آج کے مسلم حلقوں میں کیا نقطہ نظر پائے جاتے ہیں؟ ان کی نشاندہی کرکے ان کا تجزیہ کریں!

## تعارف

مغربی معاشرہ جدید ترین معاشرہ ہونے کی وجہ سے پوری دنیا کے مسلمانوں کی نظریں انہی ممالک پر ہیں۔ مسلمانوں نے ان ممالک کو اپنا آئیڈیل بھی مان لیا ہے اور اس کے ہر قسم کے ٹرینڈ کو اختیار کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان میں کچھ چیزیں زیر بحث ہیں ان میں ان کی سائنسی ترقی، سیکولرزم، قانون کی بالادستی اور خاندانی کمزوری وغیرہ شامل ہیں۔ اس لیے قرآن مجید نے چودہ سو سال پہلے ان مسلمانوں کو تنبیہ کی تھی کہ یہودیوں اور عیسائیوں کے پیچھے مت جانا ورنہ تباہ ہو جاؤ گے۔

"مغربی تہذیب اسلام کی تہذیب سے بالکل مختلف ہے"

(سیسرو)

## مسلمانوں کا مغربی تہذیب کے بارے میں نقطہ نظر:

### ۱- مغربی تہذیب کو اخلاقی زوال کا سبب سمجھا جاتا ہے:

جب سے مغرب نے ترقی شروع کی ہے اور اور اپنے دین

Date

سے دوری اختیار کی ہے تب سے اس معاشرے میں اخلاق کا زوال شروع ہو گیا ہے ہر انسان نے اپنی مرضی سے زندگی شروع کر دی ہے اور خدا کے احکام کو انہیں بھلا رہے ہیں۔ دنیا کی سب سے بڑی پورن انڈسٹری کا آغاز بھی مغربی معاشرہ سے ہوا تھا۔

> "جدید مغربی معاشرہ اخلاقی اقدار سے تیزی سے محروم ہو رہا ہے"
> (سکروٹن)

## 2- مادہ پرستی کی طرف رجحان اور روحانیت میں کمی:-

انڈسٹریلائزیشن نے کر پیسے کی طرف رجحان اس طرف کر دیا ہے کہ پورا کا پورا معاشرہ مادہ پرستی میں پڑ گیا ہے اور اس پیسے کو کمانے کے لیے اگر ان کو اپنا سہی اور غلط حلال بھی تصور کو بھول گئے ہیں۔ آج ہم دنیا کے سب سے بڑے کاروباری لوگ مغرب میں ہی دیکھتے ہیں۔ دنیا پیسا کمانے کے لیے آج کل مغرب کا رخ کرتے ہیں کیونکہ ایک تو ان کو سب سے زیادہ پیسے کا رجحان وہاں ملتا ہے اور اس کو کمانے کے لیے لوگ غلط کام کرنے سے بھی نہیں رکتے اور افسوس کا مرحلہ یہ ہے کہ مسلمان بھی اس میں اس کا حصہ بنتے جا رہے ہیں اور ان کو اس کا ذرہ برابر احساس نہیں ہے۔

Scanned with CamScanner

Date ..........................

> "مغرب نے انسان کو روح کی بجائے جسم تک محدود کر دیا ہے"
> (ہسٹن اسمتھ)

## 3- مغرب میں خاندانی نظام بالکل ختم ہونے کے قریب:

مغرب میں خاندانی نظام بالکل تباہی کے دہانے پر کھڑا ہے۔ آج سے ایک صدی پہلے اگر ہم مغرب کا مطالعہ کریں تو اس میں خاندانی نظام موجود تھا جس طرح ہمیں ایشیاء میں دیکھنے کو ملتا ہے مگر جس طرح اس نے دوسرے میدانوں میں ترقی کی ہے اسی طرح اس نے خاندانی نظام کو توڑ کر رکھ دیا ہے۔ اس پر زیادہ اثر نئے دور کے موبائل نے ڈالا ہے اور لوگوں کو آپس سے بالکل دور کر دیا ہے۔

> "جدید معاشروں میں خاندانی نظام ایک ٹوٹتا ہوا ادارہ ہے"
> (باؤمن)

## 4- سائنسی و تکنیکی ترقی میں سب سے آگے:

relate your headings and arguments to the qs statement........

مغرب ہی ہے جس نے جدید دور میں جتنی ٹیکنولوجی ہے اس کو ایجاد کیا ہے اور نئے چیزوں کو دریافت کرنے میں سب سے آگے ہے اور اس کا اعتراف پوری دنیا کرتی ہے۔ اس

Date

جدید تعلیم کو حاصل کرنے کے لیے لوگ ان ممالک کا رخ کرتے ہیں تاکہ اس میں اپنا حصہ ڈال سکیں۔

**آیت:**

**ھل یستوی الذین یعلمون والذین یعلمون (الزمر)**

**ترجمہ:**

"کیا جاننے والے اور نہ جاننے والے برابر ہو سکتے ہیں"

## 5- مغرب میں قانون کی بالادستی پر زور دیا گیا ہے:

مغرب میں قانون کو بالادستی حاصل ہے بیشک ملک کا سربراہ ہی کیوں نہ ہو وہ قانون کے دائرے آئے گا اور اس کو اپنے ہر عمل کا جواب دہ ہونا ہوگا۔ سپین کے وزیراعظم کا کرپشن کی فراست میں آگیا تھا تو اس سے استعفیٰ لے لیا گیا اور اس کو سزا بھی دی گئی اس لیے لوگوں کو یہ ممالک محفوظ لگتے ہیں اور لوگ یہاں رہنا کو اہمیت دیتے ہیں۔

**آیت:**

**ان اللہ یامر بالعدل (النحل)**

**ترجمہ:**

"بے شک اللہ عدل کا حکم دیتا ہے"

Scanned with CamScanner

Date ..........

## 6- انسان کو اس کے مکمل حقوق دیے جاتے ہیں:

انسان کو مکمل حقوق دینے کا تصور یہاں سے زیادہ تک ممالک لیتے ہیں اور ان ممالک میں جو قانون میں لوگوں کو حقوق دیے گئے ہیں ان کو مکمل دیا جاتا ہے اور کسی کے ساتھ زیادتی نہیں کی جاتی جدید حقوق میں شامل لوگ اپنے لیڈر کے آگے جلسہ کر سکتے ہیں، مرد و عورت کے کمائی کی رقم برابر ہوگی، مرد و عورت میں کوئی فرق روا نہیں رکھا جائے گا۔

> "انسانی وقار جدید قانون کی بنیاد ہے"
> (جان لاک)

## 7- مسلمانوں میں مغرب کا ثقافتی یلغار کا خدشہ:

مسلمان جس طرح مغرب کے قریب جا رہے ہیں تو ان کی ثقافت کے اثرات بھی نمایاں ہونے لگ گئے ہیں۔ مسلمانوں نے انگریزوں کی طرح کپڑے پہننا شروع کر دیا ہیں اور ان کی طرح رکھنا شروع کر دیا ہے آج کل ہم دیکھتے ہیں ہمارے زیادہ تر کام انہی سے مناسبت رکھتے ہیں۔

> "ثقافتی غلبہ فوجی غلبے سے زیادہ خطرناک ہے"
> (ایڈورڈ سن)

Date

## 8- مغرب سے جمہوریت کا تصور لیا جاتا ہے:-

مغرب نے پوری دنیا میں جمہوریت کا تصور دیا تاکہ لوگوں کو اپنی من پسند رہنما کو چننے کا موقع مل سکے اور وہاں کے لوگ اپنے مطابق ملک چلا سکیں۔ ایک عام شہری کے لیے بھی یہ ممکن ہو کہ وہ اپنے ملک کی باگ ڈور سنبھال سکے۔ مغرب میں ہم دیکھتے ہیں کہ جمہوریت کو مکمل طور پر قبول کیا گیا ہے۔

> "جمہوریت لوگوں کو ملک کا انتظام اپنے مطابق چلانے کی طاقت دیتی ہے"
> (سیسرو)

## 9- اسلام اور مغرب کے انداز کا آپس میں تصادم:-

اسلام اور مغرب کی تعلیمات آپس میں زیادہ تر تضاد ہوتا ہے کیونکہ مغرب نے وہ سب کچھ کرنے کی اجازت دی ہوئی ہے لوگوں کو جو اسلام نے منع کیا ہوا ہے جس سے معاشرے میں بگاڑ پیدا ہوتا ہے اسی وجہ سے مغرب میں زیادہ تر بے حیائی دیکھنے کو ملتی ہے اور اس سے اسلام نے سختی سے منع کیا ہوا ہے

> "مغربی آزادی اخلاقی حدود سے آزاد ہے"
> (سید حسین نصر)

Date........................

## ۱۰۔ نوجوانوں کا مغرب کی طرف جھکاؤ:

نوجوانوں نے مغرب کو اپنا مقصد بنا لیا ہے کیونکہ وہاں ہر چیز کی سہولت موجود ہے اس لیے نوجوان کسی طرح مغرب کی طرف زندگی گزارنا چاہتے ہیں۔ مغرب ترقی یافتہ ممالک ہیں سارے لوگ اگر موقع ملتا ہے تو مغرب کی طرف چلے جاتے ہیں اگر ان کو وہاں جانے کیلئے غلط راستہ بھی اختیار کرنا پڑے جن میں ڈنکی وارنا شامل ہیں تو وہ مغرب کی طرف جانا پسند کرتے ہیں۔

> "نوجوان روزگار کے مواقع کی تلاش مغرب میں دیکھتے ہیں"
> (ایبنزر گلاڈز)

## ۱۱۔ آزادی رائے کا حق لوگوں کو میسر ہے:

مغرب ممالک میں لوگوں کو آزادی دی گئی ہے کہ وہ اپنے رائے کا کھلے عام اظہار کر سکتے ہیں اور ان پر کوئی پابندی لاگو نہیں ہوتی ہے۔ اگر لوگوں کو حکومت کی کوئی چیز بری لگتی ہے تو اس کے خلاف احتجاج کر سکتے ہیں اور حکومت ان پر کسی قسم کی پابندی لگانے سے خارج ہے اور اسی طرح ہم دیکھتے ہیں کہ لوگوں کو آزادی ملی ہے۔

Date

"آزادیِ حقِ رائے مغرب کا اہم ایک ستون ہے"
(سٹیفورڈ سک)

12- مغرب میں سیکولرزم کو اہمیت حاصل ہے:-

مغرب میں مذہب کو بلکل ایک طرف دھکیل دیا ہے اور ایک نیا سیکولرزم کے نام سے متعارف کروایا جس میں لوگ خدا کا انکار کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ مرنے کے بعد کوئی زندگی نہیں ہے اور یہ ایک ہی زندگی ہے - اور ساری چیزیں خود بخود وجود میں آگئی ہے۔

"سیکولرزم نے مذہب کے دائرے کو محدود کردیا ہے"
(چارلس ٹیلر)

13- مغرب میں میڈیا کو آزادی میسر ہے:-

مغرب نے میڈیا پر کوئی بھی پابندی نہیں لگائی ہوئی اسی وجہ سے کوئی بھی اگر برا کام کرتا ہے اور اچھا کام کرتا ہے تو اس کو لوگوں کو بتایا جاتا ہے اور دنیا کہ جتنے بڑے جدید میڈیا کی قسمیں ہیں وہ مغرب کے ہی تسلط میں ہیں اور وہ جس طرح چاہتے ہیں دنیا کو کنٹرول کرتے ہیں -

Date..........

> "میڈیا تاثر بناتا ہے، حقیقت نہیں"
> (نوم چومسکی)

## ۱۱- مغرب دنیا میں سب سے بہتر تعلیم لوگوں کو دے رہا ہے:

دنیا بھر کے لوگ مغرب کی طرف جاتے ہیں اور ان میں سے سب سے زیادہ لوگ تعلیم کے لیے جاتے ہیں۔ مغرب کے ممالک قابل بچوں کو مفت تعلیم کے ساتھ مختلف نوکری کے مواقع بھی فراہم کرتا ہے۔ جس کی وجہ سے لوگوں کا رجحان مغرب کی طرف زیادہ ہے۔

> "پاکستانیوں کا دل مغرب کی طرف اور دماغ چائنہ کی طرف ہے"
> (نومان علی)

## ۱۲- مغرب لوگوں کو متوازن زندگی گزارنے کا موقع دیتا ہے:

لوگ مغرب کی طرف اس لیے جاتے ہیں تاکہ ایک بہتر اور متوازن زندگی گزار سکیں اگر کوئی مشکل آ بھی جائے تو اس کو آرام سے حل کیا جا سکے۔ وہاں کی حکومت وہاں کے رہائشیوں کو مختلف سہولیات دیتی ہے جس کی وجہ سے لوگوں کو اتنا پریشان ہونا نہیں پڑتا۔

Date

آیت:-
خیر الامور اوسطھا
(بیہقی)

ترجمہ:-
"تمام معاملات میں بہترین وہ ہے جو
درمیانی (اعتدال والا) ہو"

## حاصل کلام

مسلمانوں نے مغرب کے بارے میں مثبت اور منفی دونوں تصور پائے جاتے ہیں مگر پھر بھی مسلمان معاشروں کا رجحان مغرب کی طرف ہیں کیونکہ مغرب لوگوں کو ایک بہتر زندگی دیتا ہے اور اسی کے حصول کے لیے مسلمان ممالک سے لوگ غلط طریقہ بھی اپناتے ہیں تاکہ مغرب میں رہنے چلے جائیں۔ مسلمان نوجوان خصوصاً پاکستان کے نوجوان لوگ جب بھی اپنی سولہ سالہ تعلیم پوری کرتے ہیں تو مغرب کا رخ کرتے ہیں تاکہ اچھا زندگی کو گزار سکیں۔

Scanned with CamScanner